9TH CLASS
LESSON BASED ASSESSMENT
UNIT TEST QUESTION PAPERS
UNIT 1 TO 6 (PART -1)
WITH KEY ANSWERS
SUBJECT -SCIENCE
MEDIUM URDU
2025-26

PREPARED BY

TEM URDU SCIENCE GROUP BIJAPUR

M.A.MOMIN(GUHS BIJAPUR)

I.N.KALKERI(GUHS JALWAD)

R.I.JAMADAR(GUHS NIDAGUNDI)

ہمارے گرد و پیش میں مادہ-یونٹ ٹیسٹ

مضمون:-سائنس　　　　مارکس:-20

جماعت:-نہم　　　　وقت:-45منٹ

I مندرجہ ذیل سوالات کے 4 متبادلات جوابات دیئے گئے ہیں، صحیح جواب کا انتخاب کرو۔　　3X1=3

1. ٹھوس کا رقیق میں تبدیل ہونے کا عمل کہلاتا ہے۔

a) گداخت　b) جمنا　c) تبخیر　d) تصعید

2. درج ذیل میں اس شے کو سوکھی برف کہا جاتا ہے۔

a) نائٹروجن گیس　b) ٹھوس کاربن ڈائی آکسائیڈ　c) ارگان اور نیان گیسوں کا آمیزہ　d) آکسیجن

3. درج ذیل میں کس شے میں تصعید کا عمل نہیں ہوتا

a) امونیم کلورائڈ　b) کافور　c) نیفتھلین کی گولیاں　d) کاپر

II مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھو　　.3X1=3

4. مادے کی تین حالتوں کے نام لکھو

5. نقطہ گداخت کسے کہتے ہیں

6. نیفتھلین کی گولیاں بغیر کوئی ٹھوس مادہ چھوڑے ہوئے غائب ہو جاتے ہیں کیوں؟

III درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھو　　2X2=4

7۔ مادے کے ذرات کی خصوصیات لکھو ۔(یا)

پرفیوم کی خوشبو ہم کئی میٹر دور سے ہی سونگھ سکتے ہیں ؟ کیوں؟

8۔ مندرجہ ذیل درجہ حرارت پر پانی کی طبعی حالت لکھو۔

a) 25^0C　b) 0^0C　c) 100^0c

IV. درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھو.

9. امونیم کلورائڈ کی تصعید کو ظاہر کرنے والا خاکہ بناؤ، اور درج ذیل حصوں کی نشاندہی کرو۔ a) ٹھوس امونیم کلورائڈ b) چائنہ ڈش　　2X3=6

10. ٹھوس رقیق اور گیس کے خصوصیات میں فرق لکھو ۔(یا)

درج ذیل حرارت کو کیلون پیمانے میں دیا گیا ہے، اسے سیلسیس پیمانے میں تبدیل کرو ۔

a) 470K　b) 23K　c) 300K

V مندرجہ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھو.　　4X1=4

11. تبخیر کسے کہتے ہیں ؟ تبخیر کو متاثر کرنے والے عوامل کی فہرست بناؤ.؟.

جوابات

1	a)گداخت	1
2	b) ٹھوس کاربن ڈائی اکسائیڈ	1
3	d) کاپر	1
4	ٹھوس، رقیق اور گیس	1
5	کوئی ٹھوس شے ایک مخصوص درجہ حرارت پر رقیق میں تبدیل ہو جاتی ہے وہ مخصوص درجہ حرارت اس شے کا نقطہ گداخت کہلاتا ہے	1
6	نفتھلین کی گولیوں میں تصعید کا عمل واقعہ ہوتا ہے، جس سے وہ براہ راست گیس میں تبدیل ہو جاتی ہیں اور کوئی ٹھوس مادہ نہیں چھوڑتی	1
7	مادے کے ذرات کی خصوصیات • مادے کے ذرات کے درمیان جگہ ہوتی ہے • مادے کے ذرات مسلسل حرکت کرتے رہتے ہیں • مادے کے ذرات ایک دوسرے کی سمت کشش رکھتے ہیں	2
یا	▪ گیسوں کی یہ خصوصیت ہوتی ہے کہ وہ دوسری گیسوں کے ساتھ تیزی سے منتشر ہو جاتی ہیں۔ ▪ پرفیوم کی خوشبو، ہوا میں تیزی سے منتشر ہوتی ہے۔ اور ہوا کی حرکت کے ساتھ دور تک پھیل جاتی ہے۔ جس سے اسے دور سے بھی سونگھا جا سکتا ہے۔	
8	a. رقیق b. ٹھوس c. گیس	2
9		3

<table>
<tr><td>3</td><td>
<table>
<tr><th>گیس</th><th>رقیق</th><th>ٹھوس</th></tr>
<tr><td>گیس کی مستقل حجم اور شکل نہیں ہوتے۔</td><td>رقیق کی مستقل شکل نہیں ہوتی، لیکن مستقل حجم ہوتا ہے</td><td>ٹھوس کی ایک معین شکل،واضح بانڈری اور حجم ہوتا ہے۔</td></tr>
<tr><td>گیس کے ذرات کے درمیان قوت کشش بہت کم ہوتی ہے</td><td>رقیق کے ذرات کے درمیان قوت کشش کم ہوتی ہے</td><td>ٹھوس کے ذرات کے درمیان قوت کشش بہت زیادہ ہوتی ہے۔</td></tr>
<tr><td>ذرات ایک دوسرے کے کافی دور ہوتے ہیں۔</td><td>ذرات ایک دوسرے سے دور ہوتے ہیں۔</td><td>ذرات ایک دوسرے کے کافی قریب ہوتے ہیں۔</td></tr>
</table>
</td><td>10</td></tr>
<tr><td></td><td>$470K-273=197^0C$
$23K-273=-250^0C$
$300K-273= 27^0C$</td><td>یا</td></tr>
<tr><td>4</td><td>اپنی نقطہ ابال سے نیچے کسی بھی درجہ حرارت پر ایک رقیق کا بخارات میں تبدیل ہونے کا عمل تبخیر کہلاتا ہے
<u>تبخیر کو متاثر کرنے والے عوامل درج ذیل ہیں</u>
▪ سطحی رقبہ زیادہ ہو تو تبخیر کا عمل زیادہ ہوتا ہے
▪ درجہ حرارت زیادہ ہو تو تبخیر کا عمل زیادہ ہوتا ہے
▪ رطوبت میں کمی ہو تو تبخیر کا عمل زیادہ ہوتا ہے
▪ ہوا کی رفتار زیادہ ہو تو تبخیر کا عمل زیادہ ہوتا ہے</td><td>11</td></tr>
</table>